نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت کاشتکاروں کو سپر سیڈر رز اور رائس سٹرا شریڈرز کی فراہمی سے متعلق زراعت ہاؤس لاہور میں اجلاس کا انعقاد

لاہور:16اپریل 2024 ( ) وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت زراعت ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔اجلاس میں کاشتکاروں کو سپر سیڈرز اور رائس سٹرا شریڈرز کی فراہمی کے پلان کو حتمی شکل دی گئی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق صوبہ میں زرعی ترقی اور سبز انقلاب برپا کرنے کیلئے متعدد اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔انسداد سموگ پروگرام کے تحت 5ہزار پاک سیڈرز اور رائس سٹرا شریڈرز کاشتکاروں کو فراہم کئے جائیں گے۔اس ضمن میں پاک سیڈرز اور رائس سٹرا شریڈرز 700 کاشتکاروں کو 60فیصد سبسڈی پر فوری طور پر فراہم کئے جا رہے ہیں۔انھوں نے کہا کہ سپر سیڈرز اور رائس سٹرا شریڈرز کی فراہمی سے دھان کی باقیات کو آگ لگانے میں کمی واقع ہوگی۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ مشینی زراعت کو فروغ کیلئے 10ارب روپے کی لاگت سے مزید 23200 جدید زرعی آلات و مشینری کاشتکاروں میں سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔سپر سیڈرز اور رائس سٹرا شریڈرز کی مینوفیکچرنگ کے دوران کوالٹی میٹریل کے استعمال کو یقینی بنایا جائے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ انسداد سموگ پروگرام کے تحت جدید زرعی آلات کیلئے درخواستوں کی وصولی کا عمل جاری ہے۔کاشتکاروں کو شفاف قرعہ اندازی کے بعد سپر سیڈرز اور رائس سٹرا شریڈرز فراہم کئے جائیں گے۔پاک سیڈرز کے استعمال سے زمین کی زرخیزی میں اضافہ ہوگا۔انھوں نے مزید کہا کہ پاک سیڈر ایک ہی وقت میں 4 مشینوں کے آپریشنز سرانجام دیتی ہے۔پاک سیڈر کے استعمال سے دھان کے بعد گندم کی بوائی کا عمل جلد مکمل ہو جاتا ہے۔۔اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم ، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر اشتیاق حسن، ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) ملک محمد اکرم، ڈائریکٹر جنرل زراعت فیلڈ انجنیئر سہیل احمد، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر انجم علی، چیف پلاننگ اینڈ ایویلوایشن سیل ڈاکٹر آصف قریشی اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆